# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

3

Date: 22 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پارلیمانی انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دِن۔

☆ دوسرے مرحلے کی انتخابی تشہیر کے آخری چند دِن؛ انتخابی جلسوں اور تشہیری مہم میں تیزی۔

☆ انتخابی تشہیری گیت سے ''ہندو'' اور ''جئے بھوانی'' جیسے الفاظ نکالنے کی ہدایت اُدّھوٹھاکرے نے مسترد کردی۔

اور۔۔۔☆ گذشتہ دو دِنوں کے دوران غیر موسمی بارش سے ہونے والے حادثات میں ڈویژن میں پانچ افراد کی موت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے تیسرے مرحلے میں کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اس مرحلے میں مراٹھواڑہ کے لاتور اور عثمان آباد سمیت ریاست کے گیارہ حلقوں میں 361 امیدواروں نے 522 امیدواری عریضے داخل کیے ہیں۔ ان میں سے 317 امیدواروں کی پرچۂ نامزدگی جانچ کے بعد درست قرار پائے تھے۔ تیسرے مرحلے کے تحت آئندہ ماہ 7 مئی کو رائے دہی کی جائے گی۔

***** ***** *****

دریں اثنا، انتخابی پروگرام کے تحت دوسرے مرحلے میں مراٹھواڑہ کے ناندیڑ، ہنگولی اور پربھنی سمیت ریاست کے آٹھ حلقوں بلڈانہ، اکولہ، امراوتی، وردھا اور واشم میں آئندہ 26 اپریل کو رائے دہی ہوگی۔ اس کے پیشِ نظر ان تمام حلقوں میں انتخابی تشہیری جلسوں میں تیزی آ گئی ہے۔

***** ***** *****

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا نے بلڈانہ پارلیمانی حلقہ انتخاب سے عظیم اتحاد کے امیدوار پرتاپ جادھو کی تشہیری مہم کے تحت کل سنگرام پور تعلقہ کے وروٹ بکال میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انہوں نے 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک مضبوط اور مستحکم حکومت کی وجہ سے ہم دفعہ 370 کو ہٹانے، تین طلاق کو ختم کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر اور بی جے پی رہنما نتن گڈکری نے بھی کل ناندیڑ میں عظیم اتحاد کے امیدوار پرتاپ پاٹل چکھلیکر کی تشہیر کیلئے مکھیڑ اور ہنگولی کے امیدوار بابوراؤ کدم کوہلیکر کی تشہیر کیلئے ہنگولی میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ حزبِ مخالف جماعتوں کے پاس ووٹ مانگنے کیلئے کوئی موضوع نہیں ہے، اس لیے مخالف جماعتیں آئین کو تبدیل کرنے کا پروپیگنڈہ کررہی ہیں۔ انھوں نے کانگریس کی جانب سے اب تک 80 مرتبہ آئین میں تبدیلی کرنے کی جانب بھی حاضرین کی توجہ مبذول کروائی۔

***** ***** *****

بی جے پی رہنما اور نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ایوت محل ۔ واشم حلقہ انتخاب سے عظیم اتحاد کی امیدوار راج شری پاٹل کی انتخابی تشہیر کیلئے رالے گاؤں میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

کُل ہند مجلسِ اتحادالمسلمین (ایم آئی ایم ) نے کولہاپور انتخابی حلقے سے مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار شاہو مہاراج چھترپتی اور جلگاؤں کے امیدوار اُنمیش پاٹل کی غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا ہے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایم آئی ایم رہنما اور موجودہ رُکنِ پارلیمان واورنگ آباد حلقۂ انتخاب کے امیدوار امتیاز جلیل نے ایک صحافتی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔امتیاز جلیل نے بتایا کہ وہ کل 23 اپریل کو آنندراج امبیڈکر کی تشہیری مہم کیلئے امراوتی جائیں گے۔انہوں نے ریاست میں زیادہ سے زیادہ پانچ سے چھ لوک سبھا نشستیں ہی لڑنے اور اسمبلی انتخابات میں پوری طاقت کے ساتھ اُترنے کی وضاحت بھی کی۔امتیاز جلیل نے مزید بتایا کہ اورنگ آباد لوک سبھا حلقے کیلئے وہ آئندہ 24 تاریخ کو اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔

***** ***** *****

راویر پارلیمانی حلقہ انتخاب سے مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار شری رام پاٹل کی انتخابی مہم کیلئے کل جلگاؤں ضلع کے جامنیر میں مہاوکاس اگھاڑی کے کارکنان کا ایک جلسہ منعقد ہوا۔راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے صدر شرد پوار نے اس موقع پر حاضرین سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

لاتور پارلیمانی حلقہ میں مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار ڈاکٹر شیواجی کالگے کی تشہیری مہم کیلئے کل احمد پور تعلقہ کے ہڈولتی میں ایک جلسہ عام منعقد ہوا،جس میں سابق وزیر اور کانگریس رہنما امیت دیشمکھ نے بی جے پی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پرسوں بی جے پی قائد نریندر مودی ناندیڑ دورے پر آئے تھے،لیکن انھوں نے عام شہریوں کے مسائل،زرعی پیداوار کے ضمانتی نرخ،کسانوں کیلئے قرض معافی اور مہنگائی جیسے موضوعات پر لب کشائی نہیں کی۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے انتخابی تشہیری مہم کے گیت سے ہندو مذہب اور جئے بھوانی کے الفاظ کو نکالنے کی مرکزی انتخابی کمیشن کی تجویز قابلِ قبول نہ ہونے کی وضاحت کی ہے۔وہ گزشتہ روز ممبئی میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انتخابی مہم کے دوران بی جے پی قائدین وزیراعظم نریندر مودی اور امیت شاہ کے مبینہ مذہبی بیانات کا حوالہ دیتے ہوئے ٹھاکرے نے کہا کہ انہوں نے انتخابی کمیشن ایک یادداشت بھی ارسال کی تھی لیکن کمیشن نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔

دریں اثناء انتخابی کمیشن کی ہدایات کے تحت انتخابی تشہیر میں مذہبی الفاظ اور نعروں کا استعمال نہیں کیا جاسکتا اس لیے یہ کارروائی کیے جانے کی اطلاع ذرائع نے دی ہے۔شیوسینا قائد ایکناتھ شندے کی شیوسینا کے انتخابی گیت میں بھی ''جئے بھوانی لفظ'' شامل تھا،اس لفظ کو بھی انتخابی تشہیری گیت سے نکالنے کی تجویز انتخابی کمیشن کی کمیٹی نے دی تھی۔مذکورہ لفظ اور دیگر مذہبی حوالوں کو خارج کرکے ایک نیا گیت پیش کیے جانے پر اسے منظوری دی گئی۔اسی طرح اجیت پوار کی سربراہی والی راشٹروادی کانگریس پارٹی اور راج ٹھاکرے کی مہاراشٹر نونرمان سینا کے کچھ اشتہارات میں بھی مختلف مذہبی علامتوں اور تصاویر کا استعمال کیا گیا تھا۔تاہم انتخابی کمیشن کی متعلقہ کمیٹی نے انتخابی گیتوں سے ان علامتوں اور تصاویر کو نکالنے کی تجویز دینے کی وضاحت متعلقہ خبر میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

سامعین، پارلیمانی انتخابات کے امیدواروں، انتخابی میدان میں اُن کے اُترنے کا مقصد اور مقامی سیاست کا جائزہ لینے کیلئے آکاشوانی نے ایک پروگرام ''لوک نرنئے مہاراشٹراچا'' شروع کیا ہے۔اس پروگرام کے آج کے نشریہ میں، بارامتی لوک سبھا حلقہ سے متعلق تجزیہ پیش کیا جائے گا۔یہ پروگرام شام سات تا ساڑھے سات بجے کے درمیان آکاشوانی ممبئی کے اسمیتا چینل اور سوشل میڈیا پر سنا جاسکتا ہے۔

***** ***** *****

صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو آج دوسرے مرحلے کے پدم ایوارڈز تفویض کریں گی۔ اس پروگرام میں سابق نائب صدر وینکیا نائیڈو اور بھرت ناٹیم رقاصہ ڈاکٹر پدما سبرامنیم کو پدم وِبھوشن، فلم اداکار متھن چکرورتی اور گلوکارہ اوشا اُتھپ کو پدم بھوشن اور سابق گورنر رام نائیک سمیت دیگر معززین کو پدم شری اعزاز سے نوازا جائے گا۔

***** ***** *****

ڈویژن میں گذشتہ دو دِنوں کے دوران غیر موسمی بارش سے پیش آئے واقعات میں پانچ افراد لقمۂ اَجل بن گئے ہیں۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ایک مکان کی چھت پر نصب شمسی توانائی پر چلنے والے ہیٹر کی پانی کی ٹنکی گرنے سے ایک کمسن بچی، جبکہ ایک 48 سالہ شخص پر شیڈ گرنے سے اس کی موت واقع ہوئی۔ ناندیڑ اور لاتور اضلاع میں بھی جسم پر بجلی گرنے سے تین افراد کی موت ہوگئی۔

آئندہ دو دِنوں میں مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کچھ مقامات پر ژالہ باری سمیت بارش ہونے کی پیشن گوئی محکمہ موسمیات نے کی ہے۔ دریں اثنا ریاست میں کل اکولہ میں سب سے زیادہ 42 ڈگری درجہ حرارت درج کیا گیا۔ پربھنی میں 40، جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 38 ڈگری درجۂ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

جین مذہب کے 24 ویں تیرتھنکر وَردھمان بھگوان مہاویر کا یومِ پیدائش مختلف سرگرمیوں کے ساتھ ملک بھر میں منایا گیا۔ ہر سال چیت مہینے کی تیرہویں تاریخ کو یہ تہوار منایا جاتا ہے۔ کل وزیرِ اعظم کے ہاتھوں نئی دہلی میں بھگوان مہاویر کے نِروان تقریب کا افتتاح عمل میں آیا اور خصوصی ڈاک ٹکٹ اور خصوصی سکے کی اجرائی بھی عمل میں آئی۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی مہاویر جینتی کے موقعے پر کرانتی چوک، پیٹھن گیٹ راستے پر ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں جین مذہب کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

مشہور شاعر پروفیسر داسو ویدیہ نے اُمید ظاہر کی ہے کہ ادبِ اطفال لکھنے والے ادیب نئی نسل کی ضرورت کو ذہن میں رکھ کر کام کریں۔ وہ کل پیٹھن تعلقے کے بڑکن میں کُل ہند مراٹھی بال کمار ساہتیہ سمّیلن کے اجلاس سے مخاطب تھے۔ سبکدوش جج امباداس جوشی کے ہاتھوں اس سمّیلن کا افتتاح عمل میں آیا۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات میں رائے دہی فیصد میں اضافے کیلئے سرکاری سطح پر مختلف سرگرمیاں چلائی جارہی ہیں۔ ناندیڑ میں کل نئے رائے دہندگان اور اسکولی کھلاڑیوں نے انتخابی بیداری ریلی نکالی اور مختلف پروگراموں میں حصہ لیا۔ شہر کی معزز شخصیات، کھلاڑی، سرکاری و نیم سرکاری دفاتر کے ملازمین نے ان پروگراموں میں شرکت کی۔ ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت کے ہاتھوں ''رائے دہی کریں گے ہی'' نامی سیلفی پوائنٹ کا افتتاح عمل میں آیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے پرچۂ نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دِن۔

☆ دوسرے مرحلے کی انتخابی تشہیر کے آخری چند دِن؛ انتخابی جلسوں اور تشہیری مہم میں تیزی۔

☆ انتخابی تشہیری گیت سے ''ہندو'' اور '' جے بھوانی'' جیسے الفاظ نکالنے کی ہدایت اُدّھو ٹھاکرے نے مسترد کردی۔

اور۔۔۔☆ گذشتہ دو دِنوں کے دوران غیر موسمی بارش سے ہونے والے حادثات میں ڈویژن میں پانچ افراد کی موت۔

***** ***** *****